روزنامہ

ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10

الفضل

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

پیر 9 مارچ 2009ء 11 ربیع الاول 1430 ہجری 9 امان 1388 ہش جلد 59-94 نمبر 54

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

ہم یقیناً جانتے ہیں کہ خدا تعالیٰ کا سب سے بڑا نبی اور سب سے زیادہ پیارا جناب محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔

(کتاب البریہ۔ روحانی خزائن جلد 13 صفحہ155)

خدا تعالیٰ نے اپنی نعمتوں کے عطر سے اس قدر آنجناب کو معطر کیا کہ اس سے پہلے کوئی نبی اور رسول نہیں کیا گیا۔

(نجم الہدیٰ۔ روحانی خزائن جلد 14 صفحہ4 ترجمہ از عربی)

خدا تعالیٰ نے ہمارے سید و مولیٰ نبی آخر الزمان کو جو سید المتقین تھے انواع و اقسام کی تائیدات سے مظفر اور منصور کیا۔

(راز حقیقت۔ روحانی خزائن جلد 14 صفحہ155)

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو وہ فتح عظیم اپنے مخالفوں پر حاصل ہوئی کہ بجز نبی صادق دوسرے کے لئے ہرگز میسر نہیں آسکتی۔

(تحفہ گولڑویہ۔ روحانی خزائن جلد 17 صفحہ305)

دنیا میں معصوم کامل صرف محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم ظاہر ہوا ہے۔ (تحفہ گولڑویہ۔ روحانی خزائن جلد 17 صفحہ324)

تمام رسولوں میں سے کامل تعلیم دینے والا اور اعلیٰ درجہ کی پاک اور پرحکمت تعلیم دینے والا اور انسانی کمالات کا اپنی زندگی کے ذریعہ سے اعلیٰ نمونہ دکھلانے والا صرف حضرت سیدنا و مولانا محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔

(اربعین۔ روحانی خزائن جلد 17 صفحہ345)

نوع انسان کے لئے روئے زمین پر اب کوئی کتاب نہیں مگر قرآن۔ اور تمام آدم زادوں کے لئے اب کوئی رسول اور شفیع نہیں مگر محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم۔ سو تم کوشش کرو کہ سچی محبت اس جاہ و جلال کے نبی کے ساتھ رکھو اور اس کے غیر کو اس پر کسی نوع کی بڑائی مت دو تا آسمان پر تم نجات یافتہ لکھے جاؤ۔

(کشتی نوح۔ روحانی خزائن جلد 19 صفحہ13,14)

نجات یافتہ کون ہے؟ وہ جو یقین رکھتا ہے جو خدا سچ ہے اور محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم اس میں اور تمام مخلوق میں درمیانی شفیع ہے۔ اور آسمان کے نیچے نہ اس کے ہم مرتبہ کوئی اور رسول ہے اور نہ قرآن کے ہم رتبہ کوئی اور کتاب ہے۔ اور کسی کے لئے خدا نے نہ چاہا کہ وہ ہمیشہ زندہ رہے مگر یہ برگزیدہ نبی ہمیشہ کے لئے زندہ ہے۔

(کشتی نوح۔ روحانی خزائن جلد 19 صفحہ14)

دعویٰ سے قبل کی پاک زندگی

مستشرق جیمز اے مچنر لکھتا ہے۔

دُرِّ یتیم جو ہمیشہ غریب اور نادار، بیوہ اور یتیم، غلام اور مسکین، سب کی ہمیشہ حاجت روائی کرنے پر کمر بستہ رہتا تھا۔ بیس سال کی عمر میں آپؐ ایک کامیاب تاجر کے طور پر اُبھرے اور جلد ہی ایک امیر خاتون کے اُونٹوں کے قافلہ کے نگران بن گئے۔ جب آپؐ پچیس سال کے ہوئے تو آپ کی صلاحیتوں کو پہچانتے ہوئے اس خاتون نے، آپ کو شادی کی پیشکش کی۔ باوجود اس کے کہ وہ آپؐ سے پندرہ سال بڑی تھیں۔ آپؐ نے ان سے شادی کر لی اور جتنا عرصہ بھی ساتھ گزرا، آپؐ ایک وفادار شوہر رہے۔

چالیس سال کی عمر تک صحرا کا یہ شہزادہ نہایت درجہ مطمئن زندگی گزار رہا تھا ایک محبت کرنے والی بیوی، اچھے بچے اور مال و دولت کی ریل پیل۔

(James A Michener: Islam: The Misunderstood Religion, Reader's Digest (American Edition) May 1955,P.68)

نمایاں کامیابی

مکرم محمود احمد صاحب کوئٹہ تحریر کرتے ہیں۔ خاکسار کے بیٹے عزیزم عذیر محمود نے سال 2008ء کے A-Level کے امتحان میں چار مضامین کا امتحان دیا اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے چاروں مضامین میں A گریڈ اور مجموعی طور پر 94% نمبر اور بیکن ہاؤس سکول گارڈن ٹاؤن لاہور کی جانب سے گولڈ میڈل حاصل کیا۔ احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ عزیزم کو مستقبل میں بھی مزید کامیابیوں سے نوازے۔ آمین

یورولوجسٹ کی آمد

مکرم ڈاکٹر مظفر احمد چوہدری صاحب ماہر امراض گردہ، مثانہ، غدود و پراسٹیٹ آف یو۔کے تشریف لا چکے ہیں اور مورخہ 7 مارچ سے معائنہ شروع کر چکے ہیں مورخہ 22 مارچ تک فضل عمر ہسپتال میں مریضوں کا معائنہ کریں گے ضرورت مند احباب و خواتین ان کی خدمات سے استفادہ کیلئے ہسپتال تشریف لائیں اور مزید معلومات کیلئے استقبالیہ ہسپتال سے رجوع فرمائیں۔

(ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ)

فری موٹاپا کیمپ

فضل عمر ہسپتال ربوہ میں فری موٹاپا کیمپ Free Obesity مورخہ 12 مارچ 2009ء کو آؤٹ ڈور گراؤنڈ فلور میں لگایا جا رہا ہے۔ اس کیمپ میں جدید مشینوں کے ذریعہ ماہر ڈاکٹرز کی زیر نگرانی جسم میں چربی اور پٹھوں کی مقدار جانچنے ؍ دوا اور خوراک تجویز کرنے میں مدد مل سکے گی۔ احباب و خواتین اس کیمپ سے استفادہ کیلئے تشریف لائیں اور مزید معلومات کیلئے استقبالیہ ہسپتال سے رجوع فرمائیں۔

(ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ)

درخواست دعا

مختلف سکولوں اور کالجوں کے امتحانات شروع ہو چکے ہیں۔ اور کچھ آئندہ شروع ہوں گے احباب جماعت سے تمام احمدی طلباء و طالبات کی نمایاں کامیابی کیلئے درخواست دعا ہے۔

تبرکات

سیّد کونینؐ کی نعت

ہے نام یا محمدؐ خیرالانام تیرا
محبوب کبریا ہو جو ہو غلام تیرا

شمس الضحٰے تو ہی ہے بدرالدجٰے تو ہی ہے
جاری ہے رات اور دن اک فیض عام تیرا

تو فخر اولیں ہے سرتاجِ آخریں ہے
باقی ہے تا قیامت وعظ و پیام تیرا

ہر آن وحیِ حق سے کی تو نے لب کشائی
مردے ہوں جس سے زندہ وہ ہے کلام تیرا

اَوجِ کمال تیرا وہم و گماں سے برتر
ہر لحظہ راہِ حق میں ہے تیز گام تیرا

سب نعمتیں ہیں مضمر اک تیری پیروی میں
اللہ کس قدر ہے عالی مقام تیرا

پھر منعقد ہوا ہے دربار عام تیرا
جاری ہوا ہے پھر سے دنیا میں کام تیرا

آخر زماں کا نقشہ اخبار میں تھا جو کچھ
ہو کر رہا ہے پورا سارا کلام تیرا

شان و شکوہ تیری پھر ہو گئی دوبالا
امدادِ دینِ حق کو پہنچا غلام تیرا

حلقہ بگوش اس کے یعنی غلام تیرے
پھیلا رہے ہیں ہر سُو عالم میں نام تیرا

اک جوش سرمدی ہے یا کیف بیخودی ہے
پھر محفل جہاں میں ہے دور جام تیرا

تو سرورِ جہاں ہے اور دلبرِ زماں ہے
ہر اک پہ ضوفشاں ہے حسن تمام تیرا

تو اپنی جانِ جاں ہے تجھ سا کوئی کہاں ہے
تو بحرِ بیکراں ہے میں تشنہ کام تیرا

مظہرؔ کی یہ دعا ہے ہر لحظہ التجا ہے
ہو دردِ عشق یا رب دل میں مدام تیرا

شیخ محمد احمد مظہر

پا شکستہ ہوں اس جہاں کے لئے

جب ترا اذن ہو مرے مالک' خار سے رس نچوڑ سکتی ہوں
تو اگر حکم دے تو اڑ جاؤں میں ستارے بھی توڑ سکتی ہوں
پا شکستہ ہوں اس جہاں کے لئے دو قدم بھی چلا نہیں جاتا
عالمِ شوق میں مرے پیارے تیری گلیوں میں دوڑ سکتی ہوں

ارشاد عرشی ملک

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/5 روپے

بحرِ عرفان۔ روحانی زندگی کے راز

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے خطبات 2008ء کے موضوعات

قسط دوم آخر

مرتبہ: مکرم محمد محمود طاہر صاحب

دورہ یورپ کا ذکر اور فضل الٰہی

خطبہ جمعہ	24 اکتوبر	2008ء
الفضل	12 دسمبر	2008ء

حضور نے اپنے حالیہ دورہ یورپ کا ذکر فرماتے ہوئے وہاں بارش کی طرح ہونے والے افضال الٰہی کا تذکرہ فرمایا۔ اس دورہ کی خاص بات بیت مبارک فرانس اور بیت خدیجہ برلن کا افتتاح تھا اس کے علاوہ ہالینڈ میں جلسہ سالانہ اور بیلجیم میں اجتماع انصار اللہ تھا۔ جماعت کا وسیع پیمانے پر تعارف ہوا اور دعوت الی اللہ کے لئے نئے راستے نکلے۔ پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا پر بیوت الذکر کے افتتاح کو غیر معمولی کوریج ملی۔

صفت رزاق کا بیان اور عالمی اقتصادی بحرانوں کا حل

خطبہ جمعہ	31 اکتوبر	2008ء
الفضل	یکم دسمبر	2008ء

حضور نے اللہ تعالیٰ کی صفت رزاق کی پُر معارف تشریح بیان فرماتے ہوئے موجودہ اقتصادی و معاشی بحران کا حل بتایا کہ قرآن کی تعلیمات پر عمل ہی اس کا حل ہے۔ حضور نے سودی قرضوں اور سودی کاروبار سے احباب کو اجتناب کرنے کی ہدایت فرمائی جس کے بدنتائج آج دنیا بھگت رہی ہے۔ اپنے وسائل کے اندر رہیں تو امن بھی قائم رہتا ہے۔ جب نظریں وسائل سے باہر ہوں تو فساد برپا ہوتا ہے۔ قناعت کا سبق اختیار کرنا چاہئے۔

بیت الھدیٰ بریڈفورڈ کا افتتاح اور تحریک جدید کے نئے سال کا اعلان

خطبہ جمعہ	7 نومبر	2008ء
الفضل	16 دسمبر	2008ء

حضور نے بیت الھدیٰ بریڈفورڈ میں خطبہ جمعہ کے ذریعہ نئی بیت الذکر کا افتتاح فرمایا اور تحریک جدید کے نئے مالی سال کا اعلان فرمایا۔ 23 لاکھ پونڈز کی لاگت سے یہ بیت الذکر تعمیر ہوئی جو بہت اونچی اور نمایاں مقام پر ہے۔ 600 مرد اور 600 عورتوں کی گنجائش کے دو ہالز ہیں۔ اللہ تعالیٰ تعمیر کے مقاصد پورے کرنے کی توفیق دے۔ حضور نے 75 ویں سال تحریک جدید کا اعلان اور 74 ویں سال کے کوائف بیان فرمائے۔ شاملین کی تعداد 5 لاکھ سے زائد ہوگئی ہے۔ پاکستان اول، امریکہ دوم اور برطانیہ سوم رہا۔

صفت الوہاب کی تشریح

خطبہ جمعہ	14 نومبر	2008ء
الفضل	23 دسمبر	2008ء

بیت الفتوح مورڈن میں خطبہ ارشاد فرمایا جس میں اللہ تعالیٰ کی صفت الوہاب کا پُرمعارف بیان فرمایا۔ اس کے معنی بندوں پر انعام کرنے والا کے ہیں اور بلاغرض عطیہ عطا کرنے والا اور بغیر مانگے کے بھی دینے والا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے مختلف جگہ اس صفت کو استعمال فرمایا ہے۔ اولاد اور جیون ساتھیوں کی ٹھنڈک عطا ہونے کے لئے بھی اس صفت کا ذکر فرمایا ہے۔ یہ ٹھنڈک تبھی عطا ہوگی جب تقویٰ پر چلنے والے ہوں گے۔ حقیقی مومن کی نشانی یہی ہے کہ وہ تقویٰ پر قائم ہوتے ہوئے اللہ تعالیٰ سے نیک صالح اور پاک اولاد کی خواہش کرتا ہے۔ خاندانی جھگڑوں کی وجہ بھی یہی ہے کہ تقویٰ پر نہیں چلا جاتا اس سے خاندانی مسائل پیدا ہوتے ہیں۔

صفت الوہاب کا مزید بیان

خطبہ جمعہ	21 نومبر	2008ء
الفضل	6 جنوری	2009ء

حضور نے صفت الوہاب کا مزید پُرمعارف بیان فرمایا اور سورۃ آل عمران کی آیت 9 کے حوالے سے اس پُرمعارف قرآنی دعا کی تشریح فرمائی کہ اے اللہ ایمان کے بعد ہمارے دلوں کو ٹیڑھا نہ ہونے دینا تو یقیناً بہت عطا کرنے والا ہے۔ یہ ایک جامع دعا ہے۔ آنحضورؐ بھی یہ دعا بکثرت پڑھتے تھے۔ پاک دل اور پاک فطرت رکھنے والے قرآن کریم کے اسرار کو سمجھتے ہیں۔ حضور نے اپنے سفر قادیان کی کامیابی کے لئے دعا کی تحریک فرمائی۔ آخر پر مکرم بشیر احمد مہار صاحب درویش قادیان اور چوہدری محمد غضنفر چٹھہ صاحب کا ذکر خیر اور نماز جنازہ غائب پڑھانے کا اعلان فرمایا۔

کیرالہ انڈیا میں خطبہ رضائے باری کے حصول کی تلقین

خطبہ جمعہ	28 نومبر	2008ء
الفضل	31 دسمبر	2008ء

حضور انور نے یہ خطبہ کیرالہ انڈیا میں ارشاد فرمایا۔ کسی بھی خلیفہ کا یہ کیرالہ میں پہلا دورہ تھا۔ حضور نے کیرالہ کے احمدیوں کے اخلاص و وفا کا تذکرہ فرمایا اور انہیں رضائے باری تعالیٰ کے اصل مقصد حیات کی طرف متوجہ فرمایا۔ حقوق اللہ اور حقوق العباد کی ادائیگی کی طرف توجہ دلائی۔ نیک اعمال یقیناً دوسروں کو کھینچنے والے ہوں گے۔ دعاؤں کے ہتھیار کی طرف بھی بہت توجہ کی ضرورت ہے جو ہماری کامیابی کا باعث بنے گی۔

دہلی انڈیا سے خطبہ راضی برضا کی تلقین اور دفع شر کے لئے دعا کی تحریک

خطبہ جمعہ	5 دسمبر	2008ء
الفضل	20 جنوری	2009ء

حضور انور نے دہلی سے خطبہ جمعہ ارشاد فرمایا اور فرمایا کہ خواہش کا پورا ہونا ضروری نہیں۔ اللہ کی مرضی کے تابع اپنی خواہشات کرنی چاہئیں۔ جو اللہ کے احکام پر عمل کرتا ہے۔ اللہ انہی سے پیار کرتا ہے۔ اھدنا الصراط کی دعا کرنی چاہئے۔ موجودہ حالات میں میں نے قادیان کے جلسہ پر بیرون جات سے لوگوں کو روک دیا ہے۔ یہی تعلیم ہے کہ ابتلا اور مشکلات سے بچنے کے لئے دعا کریں اور ان جگہوں سے بھی بچو۔ دفع شر کے لئے دعا کریں۔ خطبہ ثانیہ میں حضور نے مکرمہ امۃ الرحمان صاحبہ اہلیہ چوہدری محمد احمد صاحب درویش کی وفات کا ذکر فرمایا۔

عید اور قربانی کا فلسفہ

خطبہ عیدالاضحیٰ	9 دسمبر	2008ء
خلاصہ الفضل	13 دسمبر	2008ء

بیت الفتوح مورڈن میں حضور انور نے عید الاضحیہ کا خطبہ ارشاد فرمایا۔ فرمایا کہ عیدالفطر ذاتی قربانی کی عید ہے جبکہ عیدالاضحیہ اجتماعی قربانیوں کی یاد دلاتی ہے۔ تقویٰ سے کام لیں اللہ کو گوشت اور خون نہیں پہنچتے بلکہ دل کا تقویٰ پہنچتا ہے۔ حضرت ہاجرہ اور اسماعیل کی قربانی جذبات، خواہشات، مال، وقت اور عزت کی قربانی کا نمونہ تھی۔ یہ عید اس اسوہ پر چلنے کی یاد دلاتی ہے۔ جماعت بھی خدا کے فضل سے قربانیاں پیش کررہی ہے۔ قادیان اور پاکستان والوں نے بہت قربانی دی ہے۔ میں ان کے درد کو پہچانتا ہوں۔

دورہ بھارت کی روداد

خطبہ جمعہ	12 دسمبر	2008ء
الفضل	27 جنوری	2009ء

حضور نے بیت الفتوح مورڈن میں خطبہ ارشاد فرمایا اور اپنے حالیہ دورہ بھارت کی ایمان افروز روداد کا ذکر فرمایا۔ حضور کیرالہ، چنائی اور دہلی تشریف لے گئے وہاں بیوت الذکر کا افتتاح اور احمدیوں سے ملاقات ہوئی۔ احمدیوں کے اخلاص و وفا کا ذکر بھی فرمایا۔ حضور نے فرمایا کہ ہمیں تعداد بڑھانے سے غرض نہیں تقویٰ میں بڑھنے والے چاہئیں۔

صفت الشافی کا تذکرہ احمدیوں کو ریسرچ میں آگے آنے کی تلقین

خطبہ جمعہ	19 دسمبر	2008ء
الفضل	3 فروری	2008ء

حضور نے اللہ تعالیٰ کی صفت شافی کا ایمان افروز تذکرہ فرمایا۔ شفاء اللہ کی ذات دیتی ہے۔ اس کی شفاء کا دائرہ صرف انسان تک ہی نہیں بلکہ چرند پرند تک بھی ہے۔ اللہ نے جسمانی شفا کے ساتھ روحانی شفا کا بھی

انتظام کیا ہے۔ قرآن نے شہد کو شفاء للناس فرمایا ہے۔ احمدیوں کو ریسرچ کے میدان میں آگے آنا چاہئے۔ دنیا کو اس کی ضرورت ہے۔ علاج کے ساتھ صدقہ اور دعا بھی کریں۔ دعائیں صفت شافی کو متحرک کرتی ہیں۔

صفت الشافی کا مزید بیان

خطبہ جمعہ	26 دسمبر	2008ء
الفضل	10 فروری	2009ء

گزشتہ خطبہ کے مضمون کو جاری رکھا۔ شفاء کا اصل ذریعہ خدا کی ذات ہے۔ روحانی اور جسمانی بیماریوں سے شفاء اللہ تعالیٰ کے ذکر میں ہے۔ حضور نے ڈاکٹر نوری صاحب کا ذکر فرمایا کہ انہوں نے اپنے کلینک میں لکھا ہوا تھا الا بذکر اللہ تطمئن القلوب۔ طاہر ہارٹ میں کئی علاج کے معجزات دیکھنے میں آ رہے ہیں۔ ہمارے ڈاکٹر دعا سے کام کرتے ہیں اور اللہ پر شفا کا یقین رکھتے ہیں اللہ تعالیٰ ان کے ہاتھوں میں شفا رکھے۔

☆☆☆☆☆☆

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ کے دیگر خطابات

خطاب	مطبوعہ الفضل	عنوان
31 دسمبر 2007ء	2 جنوری 2008ء	جلسہ سالانہ قادیان 2007ء سے اختتامی خطاب کا خلاصہ
21/اکتوبر 2007ء	3 جنوری 2008ء	سالانہ اجتماع خدام الاحمدیہ UK سے خطاب کا خلاصہ
مارچ 2008ء	7/اپریل 2008ء	مجلس شوریٰ پاکستان 2008ء کے موقع پر ممبران مجلس شوریٰ کے نام پیغام
2008ء	12/اپریل 2008ء	IAAAE کے سالانہ کنونشن 2008ء پر حضور کا پیغام
17/اپریل 2008ء	23/اپریل 2008ء 2 مئی 2008ء	جلسہ سالانہ غانا سے افتتاحی خطاب کا خلاصہ
19/اپریل 2008ء	24/اپریل 2008ء	جلسہ سالانہ غانا سے اختتامی خطاب کا خلاصہ
24/اپریل 2008ء	14 مئی 2008ء	جلسہ سالانہ بینن سے خطاب کا خلاصہ
29 مارچ 2008ء	24 مئی 2008ء	خلافت جوبلی پریس کانفرنس لندن سے خطاب
مئی 2008ء	28 مئی 2008ء	خلافت احمدیہ صد سالہ جوبلی 2008ء-1908ء کے تاریخی موقع پر احباب جماعت کے نام پیغام
27 مئی 2008ء	30 مئی 2008ء	خلافت احمدیہ صد سالہ جوبلی جلسہ لندن سے خطاب کا خلاصہ
12 جون 2008ء	23 جون 2008ء	ناظر صاحب اعلیٰ ربوہ کے نام 27 مئی کی تقریب کی رپورٹ پر جوابی مکتوب
21 جون 2008ء	26 جون 2008ء	جلسہ سالانہ امریکہ مستورات سے خطاب کا خلاصہ
25 جون 2008ء	11 جولائی 2008ء	استقبالیہ تقریب کینیڈا سے خطاب کا خلاصہ
28 جون 2008ء	14 جولائی 2008ء	جلسہ سالانہ کینیڈا مستورات سے خطاب
29 جون 2008ء	23 جولائی 2008ء	جلسہ سالانہ کینیڈا سے اختتامی خطاب
20 جولائی 2008ء	30 جولائی 2008ء	کارکنان جلسہ سالانہ UK سے خطاب اور ہدایات
25 جولائی 2008ء	31 جولائی 2008ء	جلسہ سالانہ یو۔کے 2008ء افتتاحی خطاب کا خلاصہ
26 جولائی 2008ء	یکم اگست 2008ء	جلسہ برطانیہ 2008ء مستورات سے خطاب کا خلاصہ
27 جولائی 2008ء	2/اگست 2008ء	جلسہ سالانہ برطانیہ 2008ء اختتامی خطاب کا خلاصہ
26 جولائی 2008ء	4/اگست 2008ء	جلسہ سالانہ برطانیہ 2008ء دوسرے دن کا خطاب
5 جولائی 2008ء	30/اگست 2008ء	بیت النور کیلگری کی افتتاحی تقریب کے موقع پر خطاب
24/اگست 2008ء	4/اکتوبر 2008ء	جلسہ سالانہ جرمنی سے اختتامی خطاب
23/اگست 2008ء	11 ستمبر 2008ء	جلسہ سالانہ جرمنی 2008ء مستورات سے خطاب
14/اگست 2008ء	یکم ستمبر 2008ء	بیت الکریم سٹاڈے جرمنی کی افتتاحی تقریب پر خطاب
16/اگست 2008ء	3 ستمبر 2008ء	بیت السمیع ہنوور کی افتتاحی تقریب سے خطاب
17/اگست 2008ء	3 ستمبر 2008ء	خلافت جوبلی یوروپین ٹورنامنٹ جرمنی سے اختتامی خطاب
19/اگست 2008ء	4 ستمبر 2008ء	بیت انوار Radgau جرمنی پر افتتاحی خطاب
20/اگست 2008ء	4 ستمبر 2008ء	جامعہ احمدیہ جرمنی کے افتتاح کے موقع پر خطاب
21/اگست 2008ء	8 ستمبر 2008ء	بیت قمر Weil Der Stadt سے افتتاحی خطاب
21/اگست 2008ء	8 ستمبر 2008ء	کارکنان جلسہ جرمنی سے خطاب
23/اگست 2008ء	12 ستمبر 2008ء	جلسہ جرمنی میں جرمن مہمانوں سے خطاب
یکم اکتوبر 2008ء	6/اکتوبر 2008ء	رمضان المبارک میں درس القرآن کا خلاصہ
10/اکتوبر 2008ء	25/اکتوبر 2008ء	تقریب عشائیہ برافتتاح بیت مبارک فرانس سے خطاب
12/اکتوبر 2008ء	27/اکتوبر 2008ء	جلسہ سالانہ ہالینڈ کے موقع پر اختتامی خطاب
22/اکتوبر 2008ء	5 نومبر 2008ء	خلافت جوبلی کے سلسلہ میں برطانوی پارلیمنٹ میں منعقدہ تقریب سے خطاب
19 ستمبر 2003ء	11 نومبر 2008ء	دسویں شرط بیعت کے مضمون پر خطبہ جمعہ
16/اکتوبر 2008ء	28 نومبر 2008ء	بیت خدیجہ کی افتتاحی تقریب سے خطاب
27 مئی 2008ء	3 دسمبر 2008ء	صد سالہ خلافت جوبلی جلسہ ایکسل سنٹر لندن میں خطاب

خطابات حضرت خلیفۃ المسیح الثانی

خطاب/خطبہ	مطبوعہ الفضل	عنوان
20 دسمبر 1935ء	22 مارچ 2008ء	بیکاری سے بڑھ کر کوئی جرم نہیں۔ معمولی مزدوری کر کے مفید وجود بنیں
25 دسمبر 1939ء	17 مئی 2008ء	خدام الاحمدیہ کو اپنی ذمہ داریاں ادا کرنے کی نصائح
یکم مارچ 1929ء	19 ستمبر 2008ء	رمضان کی برکات پر خطبہ جمعہ
12 مئی 1922ء	22 ستمبر 2008ء	روزہ تقویٰ سکھاتا ہے۔ خطبہ جمعہ

خطابات حضرت خلیفۃ المسیح الثالث

خطاب	مطبوعہ الفضل	عنوان
21 دسمبر 1965ء	15 فروری 2008ء	وہ علوم ظاہری و باطنی سے پُر کیا جائے گا
9 فروری 1973ء	17 مارچ 2008ء	جماعت کی تاریخ سے نوجوانوں کو آگاہ کرنا ضروری ہے
خطبہ 28 جنوری 1977ء	14/اپریل 2008ء	وقف عارضی کا تعارف اور اس میں حصہ لینے کی تلقین

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس کے دورہ جات کی رپورٹس

نمبر شمار	نام ملک	رپورٹ مطبوعہ الفضل
1	امریکہ	30,28 جون۔ 11,10,9,4 جولائی
2	بھارت	24,22,17,13 دسمبر
3	بیلجیئم	30 دسمبر
4	بینن	15,14 مئی
5	جرمنی	یکم,3,4,5,8,10,11,12 ستمبر۔ 10,4/اکتوبر۔ 29,28,26 نومبر
6	غانا	28/اپریل۔ 12,10,9,2 مئی
7	فرانس	25,18/اکتوبر
8	کینیڈا	25,24,23,14,12,11 جولائی۔ 30,29,28/اگست
9	نائیجیریا	31,22,21,16,15,14,12 مئی۔ 13,2 جون
10	ہالینڈ	31,27/اکتوبر

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

مکرم رانا غلام مصطفیٰ منصور صاحب

اطاعت خلافت

اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:۔

اے وہ لوگو! جو ایمان لائے ہو، اللہ کی اطاعت کرو اور رسول کی اطاعت کرو اور اپنے حکام کی بھی۔

(النساء آیت 60)

اور ہم نے کوئی رسول نہیں بھیجا مگر اس لئے کہ اللہ کے حکم سے اس کی اطاعت کی جائے۔

(النساء آیت 65)

جو اس رسول کی پیروی کرے تو اس نے اللہ کی پیروی کی اور جو پھر جائے تو ہم نے تجھے ان پر محافظ بنا کر نہیں بھیجا۔ (النساء آیت 81)

اور کسی مومن مرد اور کسی مومن عورت کے لئے جائز نہیں کہ جب اللہ اور اس کا رسول کسی بات کا فیصلہ کر دیں تو اپنے معاملہ میں ان کو فیصلہ کا اختیار باقی رہے اور جو اللہ اور اس کے رسول کی نافرمانی کرے وہ بہت کھلی کھلی گمراہی میں مبتلا ہوتا ہے۔

(الاحزاب آیت 37)

اور جو بھی اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرے تو یقیناً اس نے ایک بڑی کامیابی کو پالیا۔

(الاحزاب آیت 72)

حضرت مسیح موعود تحریر فرماتے ہیں:۔

خلیفہ جانشین کو کہتے ہیں اور رسول کا جانشین حقیقی معنوں کے لحاظ سے وہی ہو سکتا ہے جو ظلی طور پر رسول کے کمالات اپنے اندر رکھتا ہو۔ اس واسطے رسول کریم ﷺ نے نہ چاہا کہ ظالم بادشاہوں پر خلیفہ کا لفظ اطلاق ہو کیونکہ خلیفہ درحقیقت رسول کا ظل ہوتا ہے اور چونکہ کسی انسان کے لئے دائمی طور پر بقا نہیں لہٰذا خدا تعالیٰ نے ارادہ کیا کہ رسولوں کے وجود کو جو تمام دنیا کے وجودوں سے اشرف و اولیٰ ہیں ظلی طور پر ہمیشہ کے لئے تاقیامت قائم رکھے، سو اسی غرض سے خدا تعالیٰ نے خلافت کو تجویز کیا تا دنیا کبھی اور کسی زمانہ میں برکات رسالت سے محروم نہ رہے۔

(شہادۃ القرآن۔ روحانی خزائن جلد 6 ص 353)

پھر تحریر فرماتے ہیں:۔

دوسرا طریق انزال رحمت کا ارسال مرسلین و نبیین و ائمہ و اولیاء و خلفاء ہے، تا ان کی اقتداء و ہدایت سے لوگ راہ راست پر آ جائیں اور ان کے نمونہ پر اپنے تئیں بنا کر نجات پا جائیں۔

(سبز اشتہار۔ روحانی خزائن جلد 2 ص 462)

حضرت عرباض بن ساریہؓ بیان کرتے ہیں کہ ایک دن آنحضرت ﷺ نے ہمیں صبح کی نماز پڑھائی پھر آپؐ نے بہت مؤثر فصیح و بلیغ انداز میں ہمیں وعظ فرمایا جس سے لوگوں کی آنکھوں سے آنسو بہہ پڑے اور دل ڈر گئے، حاضرین میں سے ایک نے عرض کیا اے اللہ کے رسول ﷺ یہ تو الوداعی وعظ لگتا ہے، آپؐ کی نصیحت کیا ہے؟ آپؐ نے فرمایا میری وصیت یہ ہے کہ اللہ کا تقویٰ اختیار کرو، بات سنو اور اطاعت کرو خواہ تمہارا امیر ایک حبشی غلام ہو۔ کیونکہ ایسا زمانہ آنے والا ہے کہ اگر تم میں سے کوئی میرے بعد زندہ رہا تو بہت بڑے اختلافات دیکھے گا۔ پس تم ان نازک حالات میں میری اور میرے ہدایت یافتہ خلفاء راشدین کی سنت کی پیروی کرنا اور اسے پکڑ لینا۔ دانتوں سے مضبوط گرفت میں کر لینا۔ تمہیں دین میں نئی باتوں کی ایجاد سے بچنا ہوگا۔ کیونکہ ہر نئی بات جو دین کے نام سے جاری ہو بدعت ہے اور ہر بدعت نری گمراہی ہے۔

(ترمذی کتاب العلم باب الاخذ بالسنۃ)

حضرت انس بن مالکؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا:۔

سنو اور اطاعت کرو، خواہ ایک حبشی غلام کو ہی کیوں نہ تمہارا افسر مقرر کر دیا جائے۔ یعنی جو بھی افسر ہو اس کی اطاعت کرو۔

(صحیح بخاری کتاب الاحکام باب السمع والطاعۃ)

حضرت عبداللہ بن عباسؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا:۔

اگر کوئی شخص اپنے امیر میں کوئی ناگوار یا بظاہر نظر بری بات دیکھے تو وہ صبر کرے۔ یعنی جماعت سے وابستہ رہے۔ کیونکہ جو شخص تھوڑا سا بھی جماعت سے الگ ہو جاتا ہے اور تعلق توڑ لیتا ہے وہ جہالت کی موت مرتا ہے۔ (صحیح بخاری کتاب الاحکام باب السمع والطاعۃ)

حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:۔

میں جس کام سے تمہیں منع کروں اس سے باز رہو اور جس کام کا حکم دوں اس کو بجا لاؤ جہاں تک تم سے ہو سکے۔ کیونکہ تم سے پہلے لوگ اپنے انبیاء سے کثرت سے سوال کرنے پر اور ان سے اختلاف کرنے پر ہلاک ہو گئے۔

(صحیح مسلم کتاب الفضائل باب کراہۃ اکثار السوال)

حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:۔

جو شخص اطاعت سے باہر ہو جائے اور جماعت کا ساتھ چھوڑ دے اور وہ فوت ہو جائے تو اس کی موت جاہلیت کی موت ہوگی۔

(صحیح مسلم کتاب الامارۃ باب وجوب الوفاء بیعۃ الخلیفہ)

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:۔

اطاعت کوئی چھوٹی سی بات نہیں اور سہل امر نہیں یہ بھی ایک موت ہوتی ہے۔ جیسے ایک زندہ آدمی کی کھال اتاری جائے ویسی ہی اطاعت ہے۔

(ملفوظات جلد دوم ص 411)

پھر آپ فرماتے ہیں:۔

یقیناً یاد رکھو کہ جو شخص سچے دل سے اللہ تعالیٰ پر ایمان لاتا ہے اور اس کی پاک کتاب پر عمل کرتا اور رسول اللہ ﷺ کی اطاعت کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کو لاانتہا برکات سے حصہ دیتا ہے، ایسی برکات اسے دی جاتی ہیں جو اس دنیا کی نعمتوں سے بہت ہی بڑھ کر ہوتی ہیں ان میں سے ایک عفو گناہ بھی ہے کہ جب وہ رجوع کرتا اور توبہ کرتا ہے تو خدا تعالیٰ اس کے گناہ بخش دیتا ہے۔ (ملفوظات جلد چہارم ص 141)

حضرت خلیفۃ المسیح الاول فرماتے ہیں:۔

اگر تم میری بیعت ہی کرنا چاہتے ہو تو سن لو بیعت بک جانے کا نام ہے ایک دفعہ حضرت صاحب نے مجھے اشارۃً فرمایا کہ وطن کا خیال بھی نہ کرنا، سو اس کے بعد میری ساری عزت اور میرا سارا خیال ان ہی سے وابستہ ہو گیا اور میں نے کبھی وطن کا خیال ..... تک نہیں کیا۔ پس بیعت کرنا ایک مشکل امر ہے ایک شخص دوسرے کے لئے اپنی تمام حریت اور بلند پروازیوں کو چھوڑ دیتا ہے اس لئے اللہ تعالیٰ نے اپنے بندے کا نام عبد رکھا ہے، اس عبودیت کا بوجھ اپنی ذات کے لئے مشکل سے اٹھایا جاتا ہے۔ کوئی دوسرے کے لئے کیا اور کیونکر اٹھائے۔ طبائع کے اختلاف پر نظر کر کے یک رنگ ہونے کے لئے بڑی ہمت کی ضرورت ہے..... اب تمہاری طبیعتوں کے رخ خواہ کسی طرف ہوں تمہیں میرے احکام کی تعمیل کرنی ہوگی، اگر یہ بات تمہیں منظور ہو تو میں طوعاً و کرہاً اس بوجھ کو اٹھاتا ہوں۔

(تاریخ احمدیت جلد 3 ص 190,189)

حضرت مصلح موعود فرماتے ہیں:۔

پھر خلافت کے ذکر کے ساتھ ہی اللہ تعالیٰ (-) کو نصیحت کرتے ہوئے فرماتا ہے کہ (-) یعنی جب خلافت کا نظام جاری کیا جائے تو اس وقت تمہارا فرض ہے کہ تم نمازیں قائم کرو اور زکوٰۃ دو اور اس طرح اللہ تعالیٰ کے رسولؐ کی اطاعت کرو گویا خلفاء کے ساتھ دین کی تمکین کر کے وہ اطاعت رسول کرنے والے ہی قرار پائیں گے۔ یہ وہی نکتہ ہے جو رسول کریم ﷺ نے ان الفاظ میں بیان فرمایا ہے کہ (-) یعنی جس نے میرے مقرر کردہ امیر کی اطاعت کی اس نے میری اطاعت کی اور جس نے میرے مقرر کردہ امیر کی نافرمانی کی اس نے میری نافرمانی کی پس (-) فرما کر اس طرف توجہ دلائی گئی ہے کہ اس وقت رسول کی اطاعت اسی رنگ میں ہوگی کہ اشاعت و تمکین دین کے لئے نمازیں قائم کی جائیں، زکوتیں دی جائیں اور خلفاء کی پورے طور پر اطاعت کی جائے۔

(تفسیر کبیر جلد 6 ص 367)

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث فرماتے ہیں:۔

حضرت مصلح موعود نے اشاعت قرآن کے سلسلہ میں اور توحید خالص کے قیام کے سلسلہ میں اور..... کی عظمت اور جلال کو دنیا میں قائم کرنے کے سلسلہ میں خدام الاحمدیہ کو جو یہ فرمایا کہ جو قوم ایک ہاتھ کے اٹھنے سے اٹھ کھڑی ہوتی ہے اور ایک ہاتھ کے نیچے اشارہ کرنے سے بیٹھ جاتی ہے وہ اپنے اندر بڑی طاقت رکھتی ہے اسے مٹانا آسان کام نہیں وہ بالکل حق ہے وہ ہاتھ صدر مجلس خدام الاحمدیہ کا ہاتھ نہیں، وہ ہاتھ مصلح موعود کا ہاتھ تھا، وہ ہاتھ خلیفہ وقت کا ہاتھ ہے اور یہ اس کا کام ہے پس جدھر وہ اشاعت (-) کی مہم میں اور استحکام (-) کے لئے جماعت کو لے جانا چاہے ہم سب نے آنکھیں بند کر کے (سمجھ آئے یا نہ آئے) اس کی اطاعت کرنی ہے اور اس کے پیچھے چل پڑنا ہے اس میں بہت برکت ہے۔

(خطبات ناصر جلد اول ص 511,510)

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع فرماتے ہیں:۔

بیشمار لوگ، میں نے دیکھا حضرت مصلح موعود کو خط لکھا کرتے تھے، حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کو خط لکھتے تھے، مجھے بھی لکھتے ہیں۔ میری ذات کی تو کوئی حقیقت نہیں...... لیکن خدا نے منصب خلافت پر مجھے مقرر فرمایا اور اس منصب کی خاطر لوگ مجھے دعا کے لئے لکھتے ہیں ان کو میں بتانا چاہتا ہوں کہ میں نے پہلے بھی یہی دیکھا تھا اور آئندہ بھی یہی ہوگا کہ اگر کسی احمدی کو منصب خلافت کا احترام نہیں ہے، اس سے سچا پیار نہیں ہے اس سے عشق اور وارفتگی کا تعلق نہیں ہے اور صرف اپنی ضرورت کے وقت وہ دعا کے لئے حاضر ہوتا ہے تو اس کی دعائیں قبول نہیں کی جائیں گی۔ یعنی خلیفہ وقت کی دعائیں اس کے لئے قبول نہیں کی جائیں گی، اس کے لئے قبول کی جائیں گی جو خاص اخلاص کے ساتھ دعا کے لئے لکھتا ہے اور اس کا عمل ثابت کرتا ہے کہ وہ ہمیشہ اپنے اس عہد پر قائم ہے کہ جو نیک کام آپ مجھے فرمائیں گے ان میں میں آپ کی اطاعت کروں گا۔ ایسے مطیع بندوں کے لئے تو بعض دفعہ ہم نے یہ نظارے دیکھے، ایک دفعہ نہیں بسا اوقات یہ نظارے دیکھے کہ وہاں پہنچی بھی نہیں دعا اور پھر بھی قبول ہو گئی، ابھی لکھی جا رہی تھی دعا تو اللہ تعالیٰ اس پر پیار کی نظر ڈال رہا تھا اور وہ دعا قبول ہو رہی تھی بعض دفعہ دعا بھی نہیں تو وہ دعا قبول ہو جاتی ہے۔

(خطبات طاہر جلد اول ص 56,55)

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز 11 مئی 2003ء کو احباب جماعت کے نام پیغام میں فرماتے ہیں:۔

قدرت ثانیہ خدا کی طرف سے ایک بڑا انعام ہے۔ جس کا مقصد قوم کو متحد کرنا اور تفرقہ سے محفوظ رکھنا ہے، یہ وہ لڑی ہے جس میں جماعت موتیوں کی مانند پروئی ہوئی ہے۔ اگر موتی بکھرے ہوں تو نہ تو محفوظ ہوتے ہیں اور نہ ہی خوبصورت معلوم ہوتے ہیں۔ ایک لڑی میں پروئے ہوئے موتی ہی خوبصورت اور محفوظ ہوتے ہیں۔ اگر قدرت ثانیہ نہ ہو تو دین حق کبھی ترقی نہیں کر سکتا، **پس اس قدرت کے ساتھ کامل اخلاص اور محبت و وفا اور عقیدت کا تعلق رکھیں اور خلافت کی اطاعت کے جذبہ کو دائمی بنائیں اور اس کے ساتھ محبت کے جذبہ کو اس قدر بڑھائیں کہ اس محبت کے بالمقابل دوسرے تمام رشتے کمتر نظر آئیں، امام سے وابستگی میں ہی سب برکتیں ہیں اور وہی آپ کے لئے ہر قسم کے فتنوں اور ابتلاؤں کے مقابلہ کے لئے ایک ڈھال ہے۔** ...... پس اگر آپ نے ترقی کرنی ہے اور دنیا پر غالب آنا ہے تو میری آپ کو یہی نصیحت ہے اور میرا یہی پیغام ہے کہ آپ خلافت سے وابستہ ہو جائیں، اس حبل اللہ کو مضبوطی سے تھامے رکھیں۔ ہماری ساری ترقیات کا دارومدار خلافت سے وابستگی میں ہی پنہاں ہے۔ (الفضل 30 مئی 2003ء ص 1)

پھر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ 27 مئی کے حوالہ سے احباب جماعت راولپنڈی کے نام پیغام میں فرماتے ہیں:

اس موقع پر میرا پیغام آپ کے لئے یہ ہے کہ آپ میں سے ہر ایک کا فرض ہے کہ دعاؤں پر بہت زور دے اور اپنے آپ کو خلافت سے وابستہ رکھے اور یہ نکتہ ہمیشہ یاد رکھے کہ اس کی ساری ترقیات اور کامیابیوں کا راز خلافت سے وابستگی میں ہی ہے، **وہی شخص سلسلہ کا مفید وجود بن سکتا ہے جو اپنے آپ کو امام سے وابستہ رکھتا ہے، اگر کوئی شخص امام کے ساتھ اپنے آپ کو وابستہ نہ رکھے تو خواہ دنیا بھر کے علوم جانتا ہو اس کی کوئی بھی حیثیت نہیں، جب تک آپ کی عقلیں اور تدبیریں خلافت کے ماتحت رہیں گی اور آپ اپنے امام کے پیچھے پیچھے اس کے اشاروں پر چلتے رہیں گے اللہ تعالیٰ کی مدد اور نصرت آپ کو حاصل رہے گی۔** (الفضل 30 مئی 2003ء ص 2)

خدا کا ہے وعدہ خلافت رہے گی
یہ نعمت ہمیں تا قیامت ملے گی
مگر شرط اس کی اطاعت گزاری
رہے گا خلافت کا فیضان جاری

☆......☆......☆

مکرم عطاء النور صاحب

شاہراہ قراقرم (KKH)۔ شاہراہ ریشم

پاک چین دوستی کی علامت 500 میل لمبی ہے

قراقرم ہائی وے (KKH)۔ اسے شاہراہ ریشم اور شاہراہ دوستی بھی کہا جاتا ہے۔ شاہراہ ریشم دراصل ڈیڑھ ہزار سال پہلے کی ایک شاہراہ کا نام تھا۔ زمانہ قدیم میں بعض شاہراہیں کسی اہم تجارتی جنس کی بنا پر خاصی شہرت پا گئی تھیں۔ ان میں سے ایک شاہراہ ریشم بھی تھی جو چین سے کاشغر اور افغانستان کے صوبے بلخ (باختر) سے ہوتی ہوئی بحیرہ روم کے ساحلی شہر مرو تک جاتی تھی۔ اگرچہ اس شاہراہ سے چین کی بہت سی اجناس بحیرہ روم تک پہنچتی تھیں۔ مثلاً جواہرات، ادویات، وغیرہ لیکن خاص جنس ریشم ہی تھی جس کا مرکز اس زمانے میں فقط چین تھا اور اسی حوالے سے یہ ''شاہراہ ریشم'' کہلاتی تھی۔

دوسری صدی عیسوی میں جب ایران پر اشکانی قابض ہوئے تو یہ شاہراہ بند ہوگئی اور چین کا ضروری تجارتی سامان بحری راستے سے خلیج فارس میں پہنچنے لگا۔ پھر جب تیسری صدی عیسوی میں ساسانی ایران میں برسر اقتدار آئے اور انہوں نے خلیج فارس پر بھی قبضہ کر لیا تو ریشم کی تجارت حبشہ نے سنبھال لی کیونکہ اس وقت تک دو مسیحی راہب اپنی کھوکھلی چھڑیوں میں ریشم کے کیڑے چھپا کر چین سے باہر لے گئے تھے۔ یوں ریشم پر چینی اجارہ داری ختم ہوگئے۔ آخر عرب مسلمانوں نے ریشم کے کیڑے پالنے کا فن عام کر دیا۔

3 مئی 1962ء کو پاکستان اور چین کے درمیان ایک عارضی معاہدہ ہوا جس کے تحت طے پایا کہ کوہ قراقرم کے اس دشوار گزار راستے کو پھر بحال کیا جائے۔ اس معاہدے کو قراقرم ہائی وے کا نام دیا گیا۔ اس کی رو سے پرانی شاہراہ ریشم کا وہ حصہ بحال ہوگیا جو پاکستان کی شمالی سرحد تک آتا تھا۔ یوں اس نئی شاہراہ پر تجارت، ٹرانسپورٹ اور آمد و رفت کا آغاز ہوگیا۔ پاکستان اور چین کے اس معاہدے پر بھارت نے زبردست احتجاج کیا جسے پاکستان نے ریاست جموں کشمیر کے متنازعہ علاقہ ہونے کی وجہ سے مسترد کر دیا۔ اس راستے سے چین کا پہلا تجارتی قافلہ 1969ء میں پاکستان کی شمالی سرحد پر آیا۔ اسے قراقرم ہائی وے کہا جاتا ہے، کیونکہ یہ شاہراہ قراقرم کے پہاڑی سلسلے کی چٹانوں کا سینہ شق کر کے بنائی گئی ہے۔ اس انتہائی دشوار گزار عمل میں 408 انسانی جانوں کا نذرانہ پیش کیا گیا۔ اس سلسلہ میں دنیا کی عظیم ترین چوٹیاں مثلاً K-2 اور عظیم گلیشیئرز بھی موجود ہیں۔ قراقرم کے بارے میں بتاتا چلوں کہ عوامی جمہوریہ منگولیا کے ایک ویران شہر کا نام بھی قراقرم ہے جو چنگیز خان کا پائے تخت تھا۔

شاہراہ قراقرم کی تعمیر، خدوخال کو دیکھ کر بلاشبہ اسے دنیا کا آٹھواں عجوبہ کہا جاسکتا ہے۔ اس کی تعمیر میں پندرہ ہزار (15000) پاکستانیوں اور دس ہزار چینیوں نے حصہ لیا تھا۔ اس کا نقطۂ آغاز اسلام آباد سے 62 میل کے فاصلے پر حویلیاں کا مقام ہے اور دوسری جانب چین کا صوبہ سنکیانگ شروع ہوتا ہے۔ یہ شاہراہ تقریباً 500 میل لمبی دو طرفہ سڑک ہے جو انتہائی دشوار گزار اور پُرخطر پہاڑی علاقوں سے بل کھاتی ہوئی گزرتی ہے۔ اس کی تعمیر میں 80 ہزار ٹن سیمنٹ استعمال ہوا۔ آٹھ ہزار ٹن دھماکہ خیز مادے کی مدد سے 81 کروڑ مکعب فٹ چٹانوں کو دھماکے سے اڑایا گیا۔ اس شاہراہ پر 99 بڑے پل اور 1708 چھوٹے پُل بنائے گئے ہیں۔

1965ء اور 1971ء کی جنگوں کی وجہ سے تعمیر کا کام بھی متاثر ہوا۔ اس شاہراہ کا زیادہ تر حصہ پاکستانی افواج نے اپنے زیر نگرانی تعمیر کیا جسے بعد میں دیکھ بھال کے لئے FWO کے سپرد کر دیا گیا۔ یہ شاہراہ راولپنڈی، اسلام آباد، مانسہرہ، تھاکوٹ، بشام، پٹان، سازن، چیلاس، گلگت اور ہنزہ کے راستے درہ خنجراب تک پہنچتی ہے جو سطح سمندر سے 15100 فٹ بلند ہے۔ اس کا افتتاح چیف مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر اور سابق صدر جنرل محمد ضیاء الحق نے 18 جون 1978ء کو کیا۔

یہ شاہراہ اب پاکستان کی تاریخ کا ایک جزو بن چکی ہے۔ اس شاہراہ پر دوسری صدی عیسوی میں آن شی (ایران) کا شہزادہ آن شی کاؤ لویانگ آیا، مغربی خطوں کی طرف جانے والا اولین چینی بھکشو چوشی شنگ (تیسری صدی میں)، چوتھی اور پانچویں صدی کا بدھ صحیفوں کا ممتاز چینی مترجم کمارا جیوا اور ممتاز بھکشو فاشین جو 65 سال کی عمر میں چھانگ آن سے ہندوستان گیا تھا۔



مسل نمبر 97141 میں عمر ناصر
ولد مظفر احمد قوم جٹ پیشہ کاروبار عمر 27 سال بیعت پیدائشی

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

احمدی ساکن آسٹریلیا بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 28-9-08 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/1200 ڈالر ماہوار بصورت کاروبار مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ عمر ناصر۔ گواہ شد نمبر 1 خالد رشید گوندل ولد رشید احمد گوندل۔ گواہ شد نمبر 2 شیخ کامران حفیظ احمد ولد ڈاکٹر شیخ رشید انور احمد

مسل نمبر 97142 میں قمر الحسن

ولد محمد نظام میاں قوم ...... پیشہ آٹو مکینک عمر 24 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن شرق اوسط بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 1-12-08 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) زرعی اراضی واقع بنگلہ دیش مالیتی -/TK150000 کا 1/2 حصہ۔ اس وقت مجھے مبلغ -/AED1200 ماہوار بصورت ملازمت مل رہے ہیں۔ اور مجھے مبلغ -/TK5000 سالانہ آمداز جائیداد بالا ہے۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ قمر الحسن۔ گواہ شد نمبر 1 محمد ایوب۔ گواہ شد نمبر 2 مبشر احمد جاوید

مسل نمبر 97143 میں مظفر احمد

ولد صوفی عبد الخالق قوم رند بلوچ پیشہ ملازمت عمر 33 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن شرق اوسط بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 28-11-08 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/AED3500 ماہوار بصورت ملازمت مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ مظفر احمد۔ گواہ شد نمبر 1 توقیر احمد۔ گواہ شد نمبر 2 محمد نصر اللہ

مسل نمبر 97144 میں محمد احسان احمد بابر

ولد مختار احمد قوم بھٹی پیشہ ملازمت عمر 24 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن شرق اوسط بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 26-11-08 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/AED1600 ماہوار بصورت تنخواہ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ محمد احسان احمد بابر۔ گواہ شد نمبر 1 مصباح الدین احمد صدیقی وصیت نمبر 52801۔ گواہ شد نمبر 2 تاثیر احمد وصیت نمبر 63433

مسل نمبر 97145 میں Osman Bangura

ولد Pa Bangura قوم ...... پیشہ طالب علم عمر 24 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن سیرالیون بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 11-9-08 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/Le50000 ماہوار بصورت الاؤنس مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ Osman Bangura۔ گواہ شد نمبر 1 Mohammad Bah۔ گواہ شد نمبر 2 A.Gtenpg Koroma

مسل نمبر 97146 میں Yauma Bangura

زوجہ Pa Mohammad Bangura قوم ...... پیشہ خانہ داری عمر 54 سال بیعت 1968ء ساکن سیرالیون بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 20-7-08 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) حق مہر -/Le26000۔ اس وقت مجھے مبلغ -/Le100000 ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ Yauma Bangura۔ گواہ شد نمبر 1 A.Ibrahim Bangura۔ گواہ شد نمبر 2 Osman Bangura

مسل نمبر 97147 میں Maimunah Yusuf

زوجہ Yusuf Nyarko قوم ...... پیشہ فارمنگ عمر 75 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن غانا بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 20-3-08 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) زمین 3.5 ایکڑ مالیتی -/3500 غانین کرنسی (2) حق مہر -/5 غانین کرنسی۔ اس وقت مجھے مبلغ -/16 غانین کرنسی ماہوار بصورت فارمنگ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ Maimunah۔ گواہ شد نمبر 1 Abubakar Ishaque۔ گواہ شد نمبر 2 Zakariyya Addae

مسل نمبر 97148 میں خالد احمد

ولد غلام احمد قوم ...... پیشہ ڈرائیونگ عمر 25 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن فجی بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 12-11-08 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/400 ڈالر ماہوار بصورت ڈرائیونگ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ خالد احمد۔ گواہ شد نمبر 1 محمد محسن رضا۔ گواہ شد نمبر 2 عبد الوہاب اینڈرسن

مسل نمبر 97149 میں Ally Ismaili

ولد Ismaili Nalinga قوم Makonde پیشہ کاروبار عمر 32 سال بیعت 2004ء ساکن تنزانیہ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 26-5-08 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) پلاٹ مالیتی -/TSH100000 (2) کاروباری سرمایا -/TSH200000۔ اس وقت مجھے مبلغ -/TSH100000 ماہوار بصورت کاروبار مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ Ally Ismaili۔ گواہ شد نمبر 1 Murtadha Jafar۔ گواہ شد نمبر 2 Ismaili Mohammad

مسل نمبر 97150 میں Shaibu

ولد Shame قوم Ponela پیشہ مشنری عمر 24 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن تنزانیہ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 20-1-08 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/TSH76700 ماہوار بصورت الاؤنس مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ Shaibu۔ گواہ شد نمبر 1 Murtadha Jafar۔ گواہ شد نمبر 2 Kasim Mgalu

مسل نمبر 97151 میں Issa Daudi

ولد Daudi Mtiniko قوم Mankonde پیشہ فارمر عمر 42 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن تنزانیہ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 20-5-08 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) مکان میں 1/2 حصہ مالیتی -/TSH400000 (2) 7 ایکڑ زرعی اراضی مالیتی -/TSH822500۔ اس وقت مجھے مبلغ -/TSH165000 ماہوار بصورت فارمنگ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میں اقرار کرتا ہوں کہ اپنی جائیداد کی آمد پر حصہ آمد بشرح چندہ عام تازیست حسب قواعد صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ کو ادا کرتا رہوں گا۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ Issa Daudi۔ گواہ شد نمبر 1 Yusuf Daudi گواہ شد نمبر 2 محمد افضل بھٹی مربی سلسلہ وصیت نمبر 28533

مسل نمبر 97152 میں Yusuphu Daud

ولد Daudi Mmoto قوم Makonde پیشہ فارمر عمر 63 سال بیعت 1962ء ساکن تنزانیہ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 4-4-08 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) زرعی پلاٹ 20 ایکڑ مالیتی -/TSH2350000 (2) پلاٹ مالیتی -/TSH50000 اس وقت مجھے مبلغ -/TSH600000 سالانہ بصورت فارمنگ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میں اقرار کرتا ہوں کہ اپنی جائیداد کی آمد پر حصہ آمد بشرح چندہ عام تازیست حسب قواعد صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ کو ادا کرتا رہوں گا۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ Yusuphu Daud۔ گواہ شد نمبر 1 Ally Salumu۔ گواہ شد نمبر 2 Saydi Abdalah

مسل نمبر 97153 میں Said Ismail Lisinge

ولد Ismail Lisinge قوم ...... پیشہ کاروبار عمر 35 سال بیعت 1991ء ساکن تنزانیہ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 20-5-08 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) زرعی فارم 20 ایکڑ مالیتی -/TSH2250000 (2) مکان میں 1/2 حصہ مالیتی -/TSH10000000 (3) کاروباری سرمایا -/TSH20000000 (4) ٹرک مالیتی -/TSH13000000 (5) پک اپ مالیتی -/TSH9000000 (6) موٹر سائیکل مالیتی -/TSH1700000۔ اس وقت مجھے مبلغ -/TSH700000 ماہوار بصورت کاروبار مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میں اقرار کرتا ہوں کہ اپنی جائیداد کی آمد پر حصہ آمد بشرح چندہ عام تازیست حسب قواعد صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ کو ادا کرتا رہوں گا۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ Said Ismail Lisinge گواہ شد نمبر 1 Mustapha Mambo۔ گواہ شد نمبر 2 Ali Salumu

مسل نمبر 97154 میں Saidi Abdalla Kalindima

ولد Abdala Kalindima قوم ...... پیشہ کاروبار عمر 56 سال بیعت 1977ء ساکن تنزانیہ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 22-5-08 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی

موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) 2 عدد مکانات میں 1/2 حصہ مالیتی TSH2000000/- (2) زرعی اراضی 14 ایکڑ مالیتی TSH1575000/- (3) کاروباری سرمایا TSH1750000/-۔ اس وقت مجھے مبلغ TSH300000/- ماہوار بصورت کاروبار مل رہے ہیں۔ اور مبلغ TSH600000/- سالانہ آمداز جائیداد بالا ہے میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کار پرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میں اقرار کرتا ہوں کہ اپنی جائیداد کی آمد پر حصہ آمد بشرح چندہ عام تازیست حسب قواعد صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ کو ادا کرتا رہوں گا۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ Saidi Abdalla Kalindima۔ گواہ شد نمبر1 Mustapha Mambo۔ گواہ شد نمبر2 Yusuphu Daud

مسل نمبر 97155 میں Sharifa Juma

زوجہ Saibi Abbala قوم Makowde پیشہ کاروبار عمر 44 سال بیعت 1981ء ساکن تنزانیہ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر و اکراہ آج بتاریخ 22-5-08 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) 2 عدد مکانات میں 1/2 حصہ مالیتی TSH2000000/- (2) 2 عدد پلاٹس میں 1/2 حصہ مالیتی TSH175000/- (3) 14 ایکڑ زرعی فارم مالیتی TSH1575000/- (4) کاروباری سرمایا TSH1750000/- (5) حق مہر اداشدہ TSH100000/-۔ اس وقت مجھے مبلغ TSH300000/- ماہوار بصورت کاروبار مل رہے ہیں۔ اور مبلغ TSH600000/- سالانہ آمداز جائیداد بالا ہے۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کار پرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہو گی۔ میں اقرار کرتی ہوں کہ اپنی جائیداد کی آمد پر حصہ آمد بشرح چندہ عام تازیست حسب قواعد صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ کو ادا کرتی رہوں گی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ Sharifa Juma۔ گواہ شد نمبر1 Mustapha Juma۔ گواہ شد نمبر 2 محمد افضل بھٹی مربی سلسلہ وصیت نمبر 28533

مسل نمبر 97156 میں

Fadhili Suleman

ولد Sulemani Salumu قوم Makonde پیشہ ملازمت عمر 43 سال بیعت 1983ء ساکن تنزانیہ بقائمی ہوش و حواس بلا جبر و اکراہ آج بتاریخ 22-5-08 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) زرعی فارم 6 ایکڑ مالیتی TSH600000/-۔ اس وقت مجھے مبلغ TSH80000/- ماہوار بصورت ملازمت مل رہے ہیں۔ اور مبلغ TSH100000/- سالانہ آمداز جائیداد بالا ہے۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کار پرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میں اقرار کرتا ہوں کہ اپنی جائیداد کی آمد پر حصہ آمد بشرح چندہ عام تازیست حسب قواعد صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ کو ادا کرتا رہوں گا۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ Fadhili Suleman گواہ شد نمبر1 Ahmadi Yusuphu۔ گواہ شد نمبر2 Mustapha Mambo

مسل نمبر 97157 میں Bilal Khalid

ولد Bilal Khalid قوم Makonde پیشہ فارمر عمر 32 سال بیعت 1998ء ساکن تنزانیہ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر و اکراہ آج بتاریخ 11-5-08 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) زرعی فارم 2 ایکڑ مالیتی TSH500000/- (2) پلاٹ مالیتی TSH80000/-۔ اس وقت مجھے مبلغ TSH40000/- ماہوار بصورت فارمنگ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کار پرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میں اقرار کرتا ہوں کہ اپنی جائیداد کی آمد پر حصہ آمد بشرح چندہ عام تازیست حسب قواعد صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ کو ادا کرتا رہوں گا۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ Bilal Khalid۔ گواہ شد نمبر1 Chande Nyenje۔ گواہ شد نمبر2 عبدالرحمٰن احمد

مسل نمبر 97158 میں Ahmad Seifu

ولد Seifu Hassan قوم Makonde پیشہ فارمر عمر 46 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن تنزانیہ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر و اکراہ آج بتاریخ 23-3-08 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہو گی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) مکان مالیتی TSH3000000/- (2) زرعی فارم مالیتی TSH1110000/-۔ اس وقت مجھے مبلغ TSH1600000/- سالانہ ماہوار بصورت فارمنگ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کار پرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ Ahmad Seifu۔ گواہ شد نمبر1 Rashid۔ گواہ شد نمبر2 محمد افضل بھٹی مربی سلسلہ وصیت نمبر 28533

مسل نمبر 97159 میں Hawa Abubakar

زوجہ Abubakar Kwame قوم ...... پیشہ فارمر عمر 58 سال بیعت 1960ء ساکن غانا بقائمی ہوش وحواس بلا جبر و اکراہ آج بتاریخ 12-2-08 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) حق مہر 10/- غانین کرنسی۔ اس وقت مجھے مبلغ 10/- غانین کرنسی ماہوار بصورت فارمنگ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کار پرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہو گی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ Hawa Abubakr۔ گواہ شد نمبر1 Abubakr Kwame۔ گواہ شد نمبر2 Ibrahim Bin Nkum

مسل نمبر 97160 میں

Ibrahim Kwesi Tewiah

ولد Kojo Fojour قوم ...... پیشہ فارمر عمر 67 سال بیعت 1965ء ساکن غانا بقائمی ہوش وحواس بلا جبر و اکراہ آج بتاریخ 23-7-06 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) ایک ایکڑ زرعی فارم۔ اس وقت مجھے مبلغ 230000/- غانین کرنسی ماہوار بصورت فارمنگ مل رہے ہیں میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کار پرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ Ibrahim Kwesi Tewiah گواہ شد نمبر1 Ibrahim Adam۔ گواہ شد نمبر2 Ibrahim Bin Nkum

مسل نمبر 97161 میں Marima Yussif

